WATTAN
The Urdu Daily

روزنامہ
وطن
بڈگام

جمعرات
01 جنوری 2026
THURSDAY
01 JANUARY - 2026

صفحہ 08 وجے ہزار یٹرافی: کوہلی چوتھے میچ میں واپس آئیں گے

صفحہ 08 شریس اد کو ٹیم میں واپسی کیلئے مر مدا انتظار کرنا ہوگا

The Urdu Daily WATTAN Budgam | RNI No. JKURD/2011/37141 | قیمت: 02 روپے | صفحات: 08 | شمارہ نمبر: 01 | جلد: 16

لیفٹیننٹ گورنر کی نئے سال کے موقعہ پر لوگوں کو مُبارک باد

جموں،،راانفور،،لیفٹیننٹ گورنر نے نئے سال 2026 کی کے موقعہ پر لوگوں کو مُبارک باد دی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اپنے مبارک بادی کے پیغام میں کہا، "میں نئے سال کے موقعہ پر تمام شہریوں کو اپنی نیک خواہشات اور مُبارک باد پیش کرتا ہوں۔ نئے سال کی خوشیاں ہماری زندگی میں نئی اُمیدیں اور مواقع لے کر آتی ہیں۔ آیئے ہم خود کو ایک خوشحال اور صحت مند معاشرے کی تعمیر کے لئے پرعزم کریں اور جموں و کشمیر کو ترقی اور خوشحالی کی نئی بلندیوں تک لے جائیں۔ آیئے ہم خود کو بھارت/101

گلمرگ، گریز وادی، مژھل کپوارہ، زوجیلا اور دیگر بالائی علاقوں میں نئی سفید چادر، شبانہ درجہ حرارت موسمی اوسط سے زیادہ

شمالی اور وسطی کشمیر کے بالائی مقامات پر برف باری ہونے کا امکان

جمعہ کو بھی الگ تھلگ مقامات پر ہلکی برف وباراں کا امکان، 13 جنوری تک جزوی طور پر مطلع ابر آلود رہنے کی توقع: موسمیاتی مرکز

سری نگر،،۳۱، دسمبر،، جے کے این ایس،، موسمیاتی ماہرین کی پیش گوئی کے عین مطابق شمالی کشمیر کے کئی بالائی علاقوں کیساتھ ساتھ زوجیلا علاقے میں تازہ برف باری ہونے کی اطلاعات ملیں جبکہ بانڈی پورہ میں گریز، بارہمولہ میں گلمرگ اور کپوارہ کے مژھل علاقے سمیت شمالی کشمیر کے دیگر کئی اوپری علاقوں میں برف باری کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے۔ موسمیاتی مرکز سری نگر نے اگلے 24 گھنٹوں کے دوران یعنی یکم جنوری کی شام تک بیشتر مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اس دوران منگل اور بدھ کی درمیانی رات گلمرگ، شوپیان اور پلوامہ شبانہ درجہ حرارت

نقطہ انجماد سے نیچے رہنے کی وجہ سے سرد ترین مقامات رہے جبکہ سری نگر سمیت کشمیر کے باقی بیشتر علاقوں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت نقطہ انجماد سے اوپر ریکارڈ کیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ بادل چھائے رہنے کی وجہ سے رات کا درجہ حرارت موسمی اوسط سے زیادہ رہا اور زیادہ تر مقامات پر نقطہ انجماد سے اوپر رہا۔ جے کے این ایس کے/102

بدھ کی صبح سری نگر ہوائی اڈے پر گہری دھند آنے اور جانے والی 6 پروازیں منسوخ
مسافر فلائٹ اسٹیٹس کی دوبارہ تصدیق کریں

سری نگر،،۳۱، دسمبر،، جے کے این ایس،، سری نگر بین الاقوامی ہوائی اڈے پر بدھ کی صبح 6 آنے اور روانگی کی پروازیں گہری دھند اور کم مرئیت اور آپریشنل مسائل کی وجہ سے منسوخ کردی گئیں۔ جے کے این ایس کے مطابق ہوائی اڈے کے حکام نے بتایا کہ یہ جموں اور شمالی ہندوستان کے دیگر حصوں میں گھنے دھند کے درمیان ہوا ہے۔ سری نگر ہوائی اڈے کے حکام کے ایک ایکس پوسٹ کے مطابق، ایک انڈیگو، 3 ایئر انڈیا، اور ایک ایئر انڈیا ایکسپریس کی پرواز کو موسم سے متعلق وجوہات کی وجہ سے منسوخ کیا گیا تھا، جبکہ اسپائس جیٹ کی ایک پرواز کو آپریشنل وجوہات کی بنا پر منسوخ کیا گیا۔ ایکس پوسٹ میں مسافروں کو مطلع کیا گیا کہ براہ کرم نوٹ کریں کہ آج کی آپریشنل اور موسم سے متعلقہ وجوہات کی بنا پر پروازیں منسوخ ہیں۔ مسافروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہوائی اڈے پر سفر کرنے سے پہلے متعلقہ ایئر لائن کے ساتھ اپنی فلائٹ اسٹیٹس کی دوبارہ تصدیق کریں۔ مزید اپ ڈیٹس موصول ہونے پر شیئر کی جائیں گی۔/103

ترقی یافتہ ہندوستان کا ویژن سرکاری پالیسی سے آگے بڑھ کر حقیقی عوامی خواہش بن گیا

ملک کی پالیسی اور بجٹ سازی سال 2047 کے ویژن کے مطابق ہونی چاہیے

قوم عالمی افرادی قوت اور بین الاقوامی منڈیوں کیلئے ایک اہم مرکز ہے، یہ ہماری توجہ/ وزیر اعظم مودی

سرینگر،، 31 دسمبر،، ایس این این،، ملک کی پالیسی سازی اور بجٹ سازی سال 2047 کے ویژن کے مطابق ہونی چاہیے پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ آئندہ سال مالی بجٹ میں گھریلو بچتوں، مضبوط بنیادی ڈھانچے کی ترقی، اور جدید ٹیکنالوجی کو اپنانے کے ذریعے ساختی تبدیلی کو تیز کرنے پر توجہ مرکوز ہوگی۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی نئی دہلی میں نیتی آیوگ میں ممتاز ماہرین

اقتصادیات اور شعبہ جاتی ماہرین کے ساتھ بجٹ سے پہلے کی میٹنگ کی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے مختلف شعبوں میں مشن موڈ اصلاحات پر زور دیا تاکہ سال 2047 تک وکست بھارت کے ویژن کو حاصل کرنے کے لیے طویل مدتی ترقی کو برقرار رکھا جا سکے۔ سال 2026-27 کے مرکزی بجٹ سے پہلے نیتی آیوگ کے نامور ماہرین اقتصادیات اور ماہرین کے ایک گروپ کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے عالمی معیار کی صلاحیتوں کی تعمیر اور عالمی انضمام کو حاصل کرنے کا معاملہ بھی پیش کیا۔ بات چیت کا تھیم "آتمنیر بھارت اور ساختی تبدیلی: ایجنڈا برائے وکست بھارت" تھا/104

سال 2025 میں سرینگر شہر میں ٹریفک کے نفاذ میں نمایاں بہتری آئی

سرینگر،، 31 دسمبر،، ایس این این،، یہ بتاتے ہوئے کہ سال 2025 میں سرینگر شہر میں ٹریفک کے نفاذ میں نمایاں بہتری آئی ہے ایس ایس پی ٹریفک سرینگر سٹی اعجاز احمد بٹ نے کہا کہ ٹریفک چالانوں کی شرح 2025 میں بڑھ کر 56 فیصد ہو گئی اور اسی عرصے کے دوران آمدنی ایک کروڑ روپے سے زیادہ آئی۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق سال 2025 کے آخری دن سرینگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر سپرنٹنڈنٹ ٹریفک سٹی اعجاز احمد/105

کشمیر میں پھر سے سیاست کی بحالی آغاز، سیاحوں کا رش ماہ اپریل کا جیسا: ڈائریکٹر ٹورازم کشمیر

کیبل کار ایکو سسٹم کی ذریعے روزانہ 7 سو سے زیادہ خدمات فراہم

سری نگر،، 31 دسمبر،، کے این ایس،، ڈائریکٹر ٹورازم کشمیر اور جموں و کشمیر کیبل کار کارپوریشن کے منیجنگ ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے بدھ کے روز کہا کہ کشمیر کی سیاحت کی بحالی، اور ایک مختصر مندی کے مرحلے کے بعد، سیاحوں کی آمد، بازار کی نقل وحرکت اور سفری جذبات کے ساتھ نئے اعتماد کے دور میں داخل ہو گئی ہے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے ساتھ بات کرتے ہوئے، سجاد نے کہا کہ بحالی ماحولیاتی تحفظ اور اونچائی پر صحت کے تحفظ کے ضوابط پر متوازی زور دینے کے ساتھ، موسم سرما میں برف باری کے ذریعے پائیدار رسائی، زمینی سطح پر اسٹیک ہولڈر کوآرڈینیشن اور موسمی تعاون کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت کے بڑے اپ گریڈ، خاص طور پر عفروت میں، پہلے ہی 2026 کے لیے لازمی ہیں۔ "موجودہ سیاحوں کا رش ویسا ہی ہے جیسا کہ اپریل میں تھا، بحالی کی رفتار کے بارے میں پوچھے جانے پر، سجاد نے کہا کہ کشمیر کی سیاحت میں 'کساد بازاری' ایک عارضی سست روی تھی جو ایک واقعے سے شروع/106

DIPK NB 2905-25

نائب وزیر اعلیٰ نے نیا سال 2026 کے موقعہ پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو مُبارک باد پیش کی

ترقی کو برقرار رکھنے اور معیارِ زندگی بہتر بنانے کے عزم کا اعادہ

جموں،،راانفور،، نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے نئے سال 2026 کے موقعہ پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو دلی مُبارک باد پیش کی اور آنے والے سال کے لئے امن، خوشحالی، اچھی صحت اور خوشی کی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت ترقیاتی ایجنڈے کو نئے عزم کے ساتھ جاری رکھنے کے لئے پُرعزم ہے تاکہ ترقی اور پیش رفت کے

فوائد معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچ سکیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت کی توجہ زندگی کی آسانی کو بہتر بنانے، بنیادی/107

این آئی اے پلوامہ کی خصوصی عدالت نے تین ملزمان پر فرد جرم عائد کیا

تین، تین سال 10 ماہ قید اور 10 ہزار روپے جرمانہ ادا کرنے کی سزا سنائی

سرینگر،، 31 دسمبر،، اے پی آئی،، این آئی اے کی خصوصی عدالت نے عسکریت پسندوں کی اعانت کرنے کے سلسلے میں پلوامہ کے تین افراد کو مجرم ٹھہراتے ہوئے ان پر فرد جرم عائد کرکے انہیں تین تین سال 10 ماہ قید اور 10 ہزار روپے جرمانہ ادا کرنے کی سزا سنائی۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق پلوامہ میں این آئی اے ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت نے ممنوعہ دہشت گرد تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کو پناہ دینے، ان کی اعانت کرنے کے جرم میں تین ملزمان کو غیر قانونی سرگرمیاں ایکٹ یو اے پی اے کے تحت مجرم قرار دے دیا۔ یہ سزا پولیس اسٹیشن پلوامہ میں درج ایف آئی آر زیر نمبر 151/2022 کے تحت سنائی گئی جو تعزیرات ہند کی دفعہ 307 آرمز ایکٹ 7/27 یو اے (پی) کی دفعات 38, 20, 19, 18, 16 اور 39 کے تحت درج کی گئی تھی۔/108

بٹہ مالو سرینگر سے اسلحہ اور نقدی رقم کی برآمدگی کا کیس سرینگر کی ٹاڈا عدالت نے کولگام کے تین شہری کو کیس سے بری کردیا

سرینگر،، 31 دسمبر،، ایس این این،، سرینگر کے بٹہ مالو علاقے سے اسلحہ کی برآمدگی کے کیس میں ٹاڈا پوٹا کی خصوصی عدالت نے کولگام کے تین شہری کو بری کردیا۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق سرینگر میں این آئی اے ایکٹ کے تحت نامزد ٹاڈا/ پوٹا خصوصی عدالت نے ہینڈ گرینیڈ، اے کے 47 میگزین، گولہ بارود اور نقدی کے مبینہ قبضے اور نقل وحمل سے متعلق ایک کیس میں تین ملزمان کو بری کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ مقدمہ ایف/109

جموں وکشمیر میں سال 2025: تشدد 25 سال کی کم ترین سطح پر: سیکورٹی حکام

35 واقعات میں 46 دہشت گرد ہلاک

نوگام دھماکہ اور دیگر واقعات میں ایک درجن سے زیادہ سیکورٹی اہلکار جاں بحق
22 اپریل کو بائیسران پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد کامیاب آپریشن سندور

سری نگر،،۳۱، دسمبر،، جے کے این ایس،، حکام نے بتایا کہ جموں وکشمیر میں 2025 میں 35 پرتشدد واقعات میں 46 دہشت گرد مارے گئے، جبکہ مجموعی طور پر تشدد 25 سال کی کم ترین سطح کے قریب رہا۔ جے کے این ایس کے مطابق، اہم کارروائیوں میں، سیکورٹی فورسز نے پہلگام حملے کے مجرموں، سلیمان شاہ عرف ہاشم موسیٰ، حمزہ افغانی اور زبران کو 28 جولائی 2025 کو ایک

تصادم میں ختم کردیا۔ سال کے دوران سب سے اہم فوجی کارروائی آپریشن سندور تھی، جو 7 مئی 2025 کو 22 اپریل کو پہلگام دہشت گردانہ حملے کا بدلہ لینے کیلئے شروع کی گئی تھی جس میں 25 سیاح اور ایک مقامی گائیڈ ہلاک/109

تعلیمی کارکردگی اور نئی زندگی



تحریر۔۔۔
ثمینہ شاہد

شادی ایک طرف نسل انسانی کی بقا کا ذریعہ ہے، تو دوسری طرف انسان کی جذباتی اور سماجی ضرورت بھی ہے۔ انسان اپنی سماجی اور نفسیاتی سطح پر شخصیت کی تکمیل اپنے شریکِ حیات سے مل کر ہی کر پاتا ہے۔ اسی لیے اس بندھن کی اہمیت ہر مذہب میں واضح کی گئی ہے۔

ہمارے معاشرے میں جہاں بہت سے مسئلے مسائل ہیں، وہیں ایک بہت اہم مسئلہ اعلیٰ تعلیم یافتہ لڑکیوں کے اچھے رشتوں میں کمی کا بھی سامنے آرہا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ دنیا میں لڑکیوں کے رشتے ختم ہوگئے ہیں، لیکن آج کل جو حالات لڑکے والوں نے پیدا کردیے ہیں، ان کو دیکھ کے یہی گمان ہوتا ہے کہ تعلیم یافتہ لڑکیوں کے لیے اچھے رشتے واقعی ختم ہوکر رہ گئے ہیں۔

لڑکیوں کے رشتوں کے حوالے سے ہمارے ہاں کے مسائل اچھے خاصے پرانے ہیں، پہلے زمانے میں لڑکیوں کی شادی میں نہ ہونے یا تاخیر کی وجہ جہیز ہوتا تھا۔ یہی ہوتا تھا کہ والد کی آمدنی اتنی نہیں، بھائی اس قابل نہیں، اس لیے لڑکی والدین کی دہلیز پر ہی بیٹھی رہ گئی۔ ویسے بھی متوسط اور نچلے طبقے کے لوگوں کی اتنی آمدنی نہیں ہوتی کہ وہ اپنی بیٹی کو جہیز میں عالی شان فرنیچر، خوب صورت کپڑے اور اس کے علاوہ اور بھی دوسری بہت سی اہم چیزیں دے سکیں۔ جس کی وجہ سے لڑکے والے رشتے سے انکار کردیتے تھے، لیکن اب اگرچہ زمانہ بدل گیا ہے۔ لوگوں کی آمدنی، ان کے رہن سہن کا طریقہ، سب کچھ بدل گیا ہے۔ اسی لیے لوگوں کے خیالات بھی تبدیل ہورہے ہیں، لیکن اس تصویر کا دوسرا رخ یہ بھی ہے کہ اس کے بعد مسائل کی نوعیت بھی بدلنے لگی ہے۔

آج جب لڑکی کے لیے کوئی رشتہ آتا ہے، تو وہ خوش ہونے کے بہ جائے گھبرا سی جاتی ہے۔ اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ اسے معلوم ہوتا ہے کہ اب سے لڑکے والوں کے درجنوں سوالات کا جواب دینا ہوگا اور اس کے احساسات کی پروا کیے بغیر اس پر تنقید بھی کی جائے گی۔ آج کل لڑکیوں میں اعلیٰ تعلیم کا رجحان بڑھ گیا ہے، تو والدین بھی یہی توقع کرتے ہیں کہ رشتہ بھی پڑھے لکھے گھرانے سے ہی آئے گا۔ ایسے میں اگر والدین کی سوچ درست بھی ثابت ہو جاتی ہے تو اس وقت ان کی امیدیں چکنا چور ہو جاتی ہیں، جب لڑکے کی والدہ کا پہلا سوال یہ ہوتا ہے کہ لڑکی کا رنگ کیسا ہے؟ اس کی قد کاٹھ اور ڈیل ڈول کیسا ہے؟ اس صورت میں لڑکی کے گھر والوں کو کوئی جواب بجھائی نہیں دیتا۔

اب تو یہ بھی دیکھنے میں آتا ہے کہ جب لڑکی کو لڑکے کے گھر والے دیکھنے آتے ہیں تو وہ بہ جائے لڑکی سے یہ پوچھنے کے تمھاری تعلیم کتنی ہے، بلکہ یہ پوچھتے ہیں کہ تم نے کون سی یونی ورسٹی سے تعلیم حاصل کی۔۔۔؟ اور تمھاری 'جی پی' کیا تھی۔۔۔؟ ذرا ہمیں اپنی ڈگری تو دکھاؤ۔۔۔؟

اس کے علاوہ کچھ لوگوں کا یہ نظریہ بھی ہوتا ہے کہ لڑکی پڑھی لکھی بھی چاہیے اور چھوٹی عمر کی بھی، لیکن یہ سوچ رکھنے والے یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ لڑکی اگر **18** سال کی ہوگی تو صرف انٹر پاس ہی ہوگی اور آج کے دور میں انٹر کوئی زیادہ پڑھائی نہیں ہے۔ ایسے لوگوں کو چاہیے کہ یا تو وہ اپنی سوچ بدل دیں یا پھر **22** سے **24** سال کی لڑکی دیکھیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آج کل لڑکی کے لباس کی جزئیات کی بنیاد پر بھی لڑکی مسترد کردی جاتی ہے، مثلاً لڑکی نے ایسے کپڑے کیوں پہنے، قمیص ایسی ہونی چاہیے تھی، دامن ایسا ہونا ٹھیک ہوتا ہے، آستینیں ایسی ہوں، کپڑوں کا رنگ کیا ہو؟ دوپٹہ ہونا چاہیے تھا یا دوپٹہ کیوں اوڑھا ہوا تھا وغیرہ جیسے اعتراضات بھی ہوتے ہیں۔

عام طور پر یہ بھی سُننے میں آتا ہے کہ لڑکے والوں نے ہر ہفتے یا اتوار کو شام کی چائے لڑکی والوں کے گھر پر رکھی ہوئی ہوتی ہے، بظاہر تو وہ لڑکی والوں سے زیادہ میل جول بڑھانے کے لیے ایسا کرتے ہیں، لیکن لڑکی والوں کی تو گویا جان پر بن آتی ہے کہ ابھی کچا رشتہ ہے، کہیں کچھ اونچ نیچ نہ ہوجائے۔

خاطر تواضع سے لے کر ملبوسات تک اہتمام کی زحمت سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ ایسا کرنا ایک متوسط گھرانے کے لیے یقیناً کافی مشکل بھی ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر کوئی میل کا بیل بن کر خدانخواستہ رشتہ ختم ہوتو یہ نہایت تکلیف دہ بات ہوتی ہے، کیوں کہ اس دوران ایسا ہوتا ہے کہ لڑکی کو جب دیکھنے آتے ہیں تو اس کا سر سے پاؤں تک بغور جائزہ لیا جاتا ہے، جیسے وہ لڑکی نہیں، بلکہ کوئی کھلونا ہے اور پھر یہ کہہ کے انکار کردیتے ہیں کہ لڑکی چلتی ہوئی اچھی نہیں لگتی یا لڑکی جوتے ٹھیک پہن کر ہمارے سامنے کیوں نہیں آئی۔۔۔

ایسا لگتا ہے کہ ہم جن اصولوں اور اچھی باتوں کی گردان ساری زندگی لگاتے رہتے ہیں، اس موقع پر سب کی سب پس پشت ڈال دیتے ہیں۔ ایسا لگتا ہی نہیں کہ یہ سوچ اتنے اچھے گھرانے کے نظر آنے والے لوگ کر رہے ہیں۔ ان سب باتوں کو لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ لڑکی کو صرف اس لیے بھی مسترد کردیا جاتا ہے کہ وہ گوری نہیں ہے، اس کا قد چھوٹا ہے، یہ موٹی ہے یا اس کا پہناوا ایسا ہے وغیرہ۔ یہاں تک کہ اتنی باریک بینی سے تنقید کی جاتی ہے، جس سے ایسا لگتا ہے کہ لڑکی کے کچھ احساسات نہیں اور وہ کوئی بے جان شے ہو۔

لڑکے والے یہ کیوں نہیں سمجھتے کہ لڑکی اگر رنگت یا خوب صورتی میں ذرا کم ہے تو اس میں اس کا کیا قصور ہے۔ اس کی ذات پر اتنی آسانی سے طنز کے نشتر برسانے اس کے دل پر کیا گزرتی ہوگی؟ لڑکے والوں کو چاہیے کہ جب بھی کسی لڑکی کا انتخاب کریں، تو خدارا اسے ذاتی حوالوں سے نہ پرکھیں اور نہ ہی کبھی دل آزارانہ الفاظ سے کسی لڑکی اور اس کے والدین کا دل دکھائیں۔ پہلے والدین سے ملاقات رشتہ طے کرنے کے لیے کافی سمجھی جاتی تھی، لیکن اب لڑکا خود لڑکی کو دیکھنے آتا ہے اور برے رویے کے ساتھ لڑکی کو مسترد کردیتا ہے، جس کی وجہ سے لڑکی بہت زیادہ دل برداشتہ ہوجاتی ہے۔ ایسے واقعے کے بعد بہت سی لڑکیوں نے خود کو نقصان پہچانے کی بھی کوشش کی، جو نہایت خطرناک عمل ہے۔

یہ دنیا ہے، یہاں ایک موقعے کے 'لڑکے والے' بھی درحقیقت کسی نہ کسی موقع یا موڑ پر خود بھی لڑکی والے ہوتے ہیں، المیہ یہ ہے کہ انھیں اس موقع پر جو شکایات لڑکے والوں سے ہوتی ہیں، وہ خود لڑکے والے بن کر اس سے گریز کا سوچتے تک نہیں ہیں، پھر شکایت کرتے ہیں کہ ہمارے ساتھ ایسا ہوا ہے۔ کیا ہی بہتر ہو کہ اہم اپنے بھائی اور بیٹوں کے رشتے طے کرنے نکلیں تو اپنی بہن اور بیٹیوں کو بھی ذہن میں رکھیں، تاکہ کل کو خود بھی ایسے رویوں سے بچ سکیں۔ اس طرح ہی سماج میں بہتری اور ایک دوسرے کے لیے آسانیوں کا سفر آگے بڑھ سکتا ہے۔ آج جب لڑکی کے لیے کوئی رشتہ آتا ہے، تو وہ خوش ہونے کے بہ جائے گھبرا سی جاتی ہے۔ اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ اسے معلوم ہوتا ہے کہ اب سے لڑکے والوں کے درجنوں سوالات کا جواب دینا ہوگا اور اس کے احساسات کی پروا کیے بغیر اس پر تنقید بھی کی جائے گی۔ آج کل لڑکیوں میں اعلیٰ تعلیم کا رجحان بڑھ گیا ہے، تو والدین بھی یہی توقع کرتے ہیں کہ رشتہ بھی پڑھے لکھے گھرانے سے ہی آئے گا۔ ایسے میں اگر والدین کی سوچ درست بھی ثابت ہوجاتی ہے تو اس وقت ان کی امیدیں چکنا چور ہو جاتی ہیں، جب لڑکے کی والدہ کا پہلا سوال یہ ہوتا ہے کہ لڑکی کا رنگ کیسا ہے؟ اس کی قد کاٹھ اور ڈیل ڈول کیسا ہے؟ اس صورت میں لڑکی کے

گھر والوں کو کوئی جواب بجھائی نہیں دیتا۔

اب تو یہ بھی دیکھنے میں آتا ہے کہ جب لڑکی کو لڑکے کے گھر والے دیکھنے آتے ہیں تو وہ بہ جائے لڑکی سے یہ پوچھنے کے تمھاری تعلیم کتنی ہے، بلکہ یہ پوچھتے ہیں کہ تم نے کون سی یونی ورسٹی سے تعلیم حاصل کی۔۔۔؟ اور تمھاری 'جی پی' کیا تھی۔۔۔؟ ذرا ہمیں اپنی ڈگری تو دکھاؤ۔۔۔؟

اس کے علاوہ کچھ لوگوں کا یہ نظریہ بھی ہوتا ہے کہ لڑکی پڑھی لکھی بھی چاہیے اور چھوٹی عمر کی بھی، لیکن یہ سوچ رکھنے والے یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ لڑکی اگر **18** سال کی ہوگی تو صرف انٹر پاس ہی ہوگی اور آج کے دور میں انٹر کوئی زیادہ پڑھائی نہیں ہے۔ ایسے لوگوں کو چاہیے کہ یا تو وہ اپنی سوچ بدل دیں یا پھر **22** سے **24** سال کی لڑکی دیکھیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آج کل لڑکی کے لباس کی جزئیات کی بنیاد پر بھی لڑکی مسترد کردی جاتی ہے، مثلاً لڑکی نے ایسے کپڑے کیوں پہنے، قمیص ایسی ہونی چاہیے تھی، دامن ایسا ہونا ٹھیک ہوتا ہے، آستینیں ایسی ہوں، کپڑوں کا رنگ کیا ہو؟ دوپٹہ ہونا چاہیے تھا یا دوپٹہ کیوں اوڑھا ہوا تھا وغیرہ جیسے اعتراضات بھی ہوتے ہیں۔

عام طور پر یہ بھی سُننے میں آتا ہے کہ لڑکے والوں نے ہر ہفتے یا اتوار کو شام کی چائے لڑکی والوں کے گھر پر رکھی ہوئی ہوتی ہے، بظاہر تو وہ لڑکی والوں سے زیادہ میل جول بڑھانے کے لیے ایسا کرتے ہیں، لیکن لڑکی والوں کی تو گویا جان پر بن آتی ہے کہ ابھی کچا رشتہ ہے، کہیں کچھ اونچ نیچ نہ ہوجائے۔

خاطر تواضع سے لے کر ملبوسات تک اہتمام کی زحمت سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ ایسا کرنا ایک متوسط گھرانے کے لیے یقیناً کافی مشکل بھی ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر کوئی میل کا بیل بن کر خدانخواستہ رشتہ ختم ہو تو یہ نہایت تکلیف دہ بات ہوتی ہے، کیوں کہ اس دوران ایسا ہوتا ہے کہ لڑکی کو جب دیکھنے آتے ہیں تو اس کا سر سے پاؤں تک بغور جائزہ لیا جاتا ہے، جیسے وہ لڑکی نہیں، بلکہ کوئی کھلونا ہے اور پھر یہ کھہ کے انکار کر دیتے ہیں کہ لڑکی چلتی ہوئی اچھی نہیں لگتی یا لڑکی جوتے ٹھیک پہن کر ہمارے سامنے کیوں نہیں آئی...

ترکی: داعش کے خلاف کارروائی میں 357 مشتبہ افراد گرفتار

نئی دہلی (ایم این این): ترکی کے شمال مغرب میں ایک فائرنگ کے واقعے میں تین پولیس افسروں اور چھ عسکریت پسندوں کے ہلاک ہونے کے ایک دن بعد، ترک حکام نے منگل ۳۰ دسمبر کو ملک بھر میں کارروائی کے دوران ۳۵۷ افراد کو اسلامی اسٹیٹ سے تعلقات کے شبے میں حراست میں لیا۔ وزیر داخلہ علی یرلی کایا نے ایکس (سابقہ ٹویٹر) پر لکھا کہ ’’منگل کی صبح ۱۲ صوبوں میں بیک وقت چھاپوں میں ۳۵۷ مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا۔ جس طرح ہم نے کبھی ان لوگوں کو موقع نہیں دیا جو دہشت گردی کے ذریعے اس ملک کو گھٹنوں پر لانا چاہتے ہیں، آئندہ بھی ہم انہیں موقع نہیں دیں گے۔‘‘ وزیر نے اس کارروائی کی ویڈیو فوٹیج بھی شیئر کی، جس میں دکھایا گیا ہے کہ کئی دہشت گردی مخالف افسر چھاپے مار رہے ہیں اور متعدد افراد کو حراست میں لے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ اسلامی اسٹیٹ سے تعلق رکھنے والے ۱۰۰ سے زائد مشتبہ افراد کو کرسمس اور نئے سال پر حملوں کی مبینہ سازشوں کے ساتھ گرفتار کیے جانے کے صرف ایک ہفتے بعد، پیر کے روز دارالحکومت استنبول کے جنوب میں واقع یالووا ٹاؤن میں ایک گھر پر پولیس اور عسکریت پسندوں کے درمیان پرتشدد تصادم کے نتیجے میں آٹھ گھنٹے تک محاصرہ رہا۔ جبکہ اس سال داعش کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہے، کیونکہ یہ گروپ عالمی سطح پر پھر سے ابھر رہا ہے۔ اس کے علاوہ امریکہ نے گزشتہ ہفتے شمال مغربی نائیجیریا میں عسکریت پسندوں کو نشانہ بنانے کے لیے فوجی حملہ کیا، جبکہ آسٹریلیائی پولیس کا کہنا ہے کہ بانڈی بیچ پر ہونے والی فائرنگ، جس میں ایک حنوکا تقریب پر حملہ ہوا، کرنے والے دو مسلح افراد داعش سے متاثر نظر آتے ہیں۔ دریں اثناء بڑے شہروں میں نئے سال کی تقریبات کو محدود کر دیا گیا۔

بنگلہ دیش کی پہلی خاتون وزیراعظم خالدہ ضیاء انتقال کر گئیں

نئی دہلی (ایم این این): بنگلہ دیش کی پہلی خاتون وزیراعظم خالدہ ضیاء طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) نے منگل کو اس خبر کی تصدیق کی۔ روئٹرز کی رپورٹ کے مطابق ۸۰ سالہ خالدہ ضیا جگر کی خرابی میں مبتلا تھیں۔ ساتھ ہی انہیں گٹھیا اور ذیابیطس کا بھی مرض تھا۔ یاد رہے کہ خالدہ ضیاء دو مرتبہ بنگلہ دیش کی وزیراعظم رہیں۔ انہوں نے ۱۹۹۱ء سے ۱۹۹۶ء اور پھر ۲۰۰۱ء سے ۲۰۰۶ء تک ملک کی قیادت کی۔ وہ سابق صدر اور بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کے بانی ضیاء الرحمان کی اہلیہ تھیں۔ ان کے بڑے بیٹے طارق رحمان، جو بی این پی کے قائم مقام صدر ہیں

حماس کے مسلح ونگ نے ابوعبیدہ سمیت دیگر لیڈروں کی شہادت کی تصدیق کی

نئی دہلی (ایم این این): حماس نے اپنے مسلح ونگ کے ترجمان ابوعبیدہ اور غزہ کے سابق سربراہ محمد سنوار کی شہادت کی تصدیق کی ہے۔ پیر کو جاری کردہ ویڈیو بیان میں، حماس کے فوجی ونگ القسام بریگیڈ نے اپنے طویل عرصے سے ترجمان کی شہادت کی تصدیق کی اور ایک نئے نقاب پوش ترجمان کی تقرری کا اعلان کیا۔ یہ غزہ پر تباہ کن دو سالہ جنگ کے دوران گروپ کی میڈیا حکمت عملی کے چہرے بننے والی شخصیت کی شہادت کی پہلی باضابطہ تصدیق ہے۔ بیان میں، نئے ترجمان نے پہلی بار ابوعبیدہ کی حقیقی شناخت ظاہر کی، بتایا کہ ان کا اصل نام حذیفہ سمیر عبداللہ الکحلوت تھا۔ انہوں نے کہا، ’’ہم فخر کے ساتھ عظیم لیڈر شہید ابوعبیدہ کی شہادت کا اعلان کرتے ہیں۔ ہم نے ان کا لقب ورثے میں لیا ہے۔‘‘ واضح رہے کہ اسرائیلی فوج نے مئی میں کہا تھا کہ اس نے سابق حماس رہنما یحییٰ سنوار کے چھوٹے بھائی محمد سنوار کو ہلاک کر دیا ہے۔ تین ماہ بعد، اس نے کہا کہ ابوعبیدہ بھی ہلاک ہو گئے ہیں۔ دیگر ہلاک ہونے والے کمانڈر ابوعبیدہ غزہ میں حماس کی ایک اہم آواز تھے، جو اس سال کے اوائل میں ایک مختصر مدت کی جنگ بندی کے دوران جنگ میدان کی تازہ ترین معلومات، جنگ بندی کی خلاف ورزیوں اور اسرائیلی قیدیوں کے بدلے فلسطینی قیدیوں کے سودوں کے بارے میں بیان جاری کیا کرتے تھے، جسے اسرائیل نے یکطرفہ طور پر توڑ دیا تھا۔ ان کا آخری بیان ستمبر کے شروع میں آیا تھا جب اسرائیل نے غزہ سٹی پر نئی فوجی کارروائی کے ابتدائی مراحل کا آغاز کیا تھا، اس علاقے کو جنگ کا علاقہ قرار دیا تھا اور سیکڑوں رہائشی عمارتیں تباہ کی تھیں جبکہ فلسطینی بڑی تعداد میں نقل مکانی کر رہے تھے۔ بعد ازاں القسام بریگیڈ نے دیگر کئی اعلیٰ کمانڈروں کی شہادت کی بھی تصدیق کی، جن میں گروپ کے رفح بریگیڈ کے سربراہ محمد شبانہ اور دو دیگر رہنما حکم العیسی اور رعد سعد شامل ہیں۔ یہ حماس کے ان نمائندوں کی بڑھتی ہوئی فہرست کا حصہ ہیں جن کی گزشتہ دو سال کے دوران اسرائیل کے ہاتھوں ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے

انڈین ریلوے

ای۔ٹینڈر نوٹس

ٹینڈر نمبر۔175-210-2025-25-ADEN-1-FZR & 201-2025-26-ADEN-2-FZR مورخہ 31-12-2025

ڈویژنل انجینئر۔ ہیڈ کوارٹر، فیروز پور کے ذریعہ بھارت کے راشٹر پتی کی جانب سے مندرجہ ذیل ای۔ ٹینڈرز، آخری تاریخ 22-01-2026 بوقت 15.00 بجے تک www.ireps.gov.in پر طلب کئے جاتے ہیں۔ ٹینڈر دہندگان اپنے اصل/ترمیم شدہ ٹینڈر بند ہونے کی تاریخ اور وقت تک پیش کر سکتے ہیں۔ مینوئل ٹینڈر منظور نہیں ہے اور ایسے کسی بھی مینوئل کو منظور نہیں کیا جائے گا۔ ٹھیکیدار ٹینڈر فارم کی لاگت اور بیعانہ کی رقم کا بھگتان صرف www.ireps.gov.in پورٹل پر دستیاب آن لائن وسائل کے ذریعہ جیسے کہ نیٹ بینکنگ، ڈیبٹ کارڈ، کریڈٹ کارڈ وغیرہ کے ذریعہ بھگتان کر سکتے ہیں۔ ڈیمانڈ ڈرافٹ بینکر چیک، ایف ڈی اور رسیدوں وغیرہ کے ذریعہ بھگتان کی اجازت نہیں ہے۔

ٹینڈر ٹائپ	ٹینڈر کیٹیگری	بڈ سسٹم
کھلا	کام	سنگل پیکٹ سسٹم
ٹینڈر اپ لوڈ کرنے کی تاریخ	بولی شروع کی تاریخ	ٹینڈر اختتام کی تاریخ اور وقت
30-12-2025	08-01-2026	22-01-2026 کو 15.00 بجے

نمبر شمار	ٹینڈر نمبر	ٹینڈر کی تفصیلات
1.	175-2025-26-ADEN-1-FZR	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر۔ فرسٹ/فیروز پور کے تحت سینئر محکمہ انجینئر/ورکس/فیروز پور کے دائرہ اختیار علاقہ میں فیروز پور کی کالونی نمبر 1 سے 4 میں اپروچ روڈ اور نزدیکی ساف کوارٹروں کے کناروں سے دروازوں اور کھڑکیوں کی بھاری مرمت اور انسٹالیشن، زنگ لگی واٹر سپلائی پائپ لائن کی مرمت، جنگل/گھاس/جھاڑیوں/پودوں وغیرہ کی صفائی اور فیروز پور میں کمیونٹی ہال کی مرمت اور رکھ رکھاؤ۔

مشتہر قیمت (روپے)	بیعانہ کی رقم	آفر ویلڈیٹی	مدت تکمیل کام
1,79,75,338.95/-	2,39,900.00	60دن	06مہینے

اسی نوعیت کا کام:۔ ’’ٹریک ورک کے علاوہ کوئی بھی سول ورک۔‘‘

نمبر شمار	ٹینڈر نمبر	ٹینڈر کی تفصیلات
2	210-2025-26-ADEN-1-FZR	اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر۔ فرسٹ/فیروز پور کے تحت کوٹ کپورہ۔ فاضلکہ سیکشن پر لیول کراسنگ C-36,C-43 اور بھٹنڈہ۔ فیروز پور سیکشن پر C-44,C-46 پر محدود اونچائی والی سب وے میں انتہائی جل بھراؤ والے کراسنگ پر کور شیڈ کا انتظام۔

مشتہر قیمت (روپے)	بیعانہ کی رقم	آفر ویلڈیٹی	مدت تکمیل کام
3,47,80,688.07	3,23,900.00	60دن	06مہینے

اسی نوعیت کا کام:۔ ’’ٹریک ورک کے علاوہ کوئی بھی سول ورک۔‘‘

نوٹ: 1۔ ٹینڈر ڈالنے سے پہلے ٹینڈر دہندگان ٹینڈر کے سلسلے میں جاری کئے گئے کسی بھی تصحیح نامہ کی جانچ کریں گے۔
2. ھندی میں کسی بھی خامی کیلئے انگریزی ورژن کے مطالعہ کریں، اور انگریزی ورژن ھی جائز ھونگے۔

4034/25

گراھکوں کی خدمت میں مسکان کے ساتھ

ایٹمی پروگرام بحال کرنے پر امریکہ کی ایران پر پھر حملے کی دھمکی

نئی دہلی (ایم این این): امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر ایران کو دھمکی دی کہ اگر جوہری تعمیرات جاری رکھی گئیں تو قیامت برپا کر دیں گے۔ امریکی صدر نے فلوریڈا میں نیتن یاہو سے ملاقات سے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران پھر جوہری تنصیبات تعمیر کرنے کی کوشش کر رہا ہے، ایران نے جوہری تعمیرات جاری رکھیں تو ان پر فوری حملوں کی حمایت کریں گے۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ اگر ایران جوہری پروگرام دوبارہ تعمیر کرے تو ہمیں انہیں گرانا ہوگا لیکن ہم نہیں چاہتے کہ بی ٹو بمبار بھیج کر اپنا ایندھن ضائع کریں ایران کو معاہدہ کر لینا چاہئے۔ امریکی صدر نے نیتن یاہو کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے اسرائیل کا ساتھ آخر تک جاری رکھنے کا اعلان کر دیا، ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل ایک اہم عنصر ہے، اسرائیل کی حمایت جاری رکھیں گے۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ حماس غیر مسلح ہونے سے انکار کیا تو اسے قیمت چکانا ہوگی، غزہ سے اسرائیلی انخلا الگ معاملہ ہے، اس پر ہم بات کریں گے۔ واضح رہے کہ دونوں لیڈروں کی ملاقات میں غزہ جنگ بندی، حماس اور ایران کے معاملات زیر بحث آئے۔ امریکی صدر نے کہا کہ مقبوضہ مغربی کنارے سے متعلق طویل بات چیت ہوئی ہے، مغربی کنارے کے معاملے پر اسرائیل اور ترکی میں تصادم کا خطرہ ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ غزہ جنگ بندی منصوبے کا دوسرا مرحلہ جلد شروع ہونے کی امید ہے، غزہ کی تعمیر نو جلد شروع ہو جائے گی۔ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ روسی صدر پوتن کی رہائش گاہ پر یوکرینی حملے کا سن کر بہت برا لگا، یوکرینی حملے کا سن کر مجھے بہت غصہ آیا، یوکرین امن کے لیے ابھی کچھ پیچیدہ مسائل ہیں۔ کسی بھی جارحیت کا سخت اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا: ایران ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے مشیر علی شمخانی نے امریکہ اور اسرائیل کو خبردار کیا ہے کہ ملک کے خلاف کسی بھی جارحیت کا سخت اور فیصلہ کن ردعمل دیا جائے گا۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایرانی حکومت کو نئے ہتھیار حاصل کرنے سے روکنے کی دھمکی دی تھی۔ رپورٹس کے مطابق علی شمخانی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ ایران کی میزائل اور دفاعی صلاحیتیں کسی بھی دباؤ کے تحت محدود نہیں کی جا سکتیں اور اس کے لیے کسی بیرونی اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران اپنی سلامتی کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گا۔ رپورٹس کے مطابق یہ ردعمل ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی مشترکہ نیوز کانفرنس کے بعد سامنے آیا جس میں امریکی صدر کا کہنا تھا کہ امریکہ مذاکرات کیلئے تیار ہے، تاہم اگر ایران دوبارہ جوہری صلاحیتیں حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے تو ہر ممکن خطرے کو فوری طور پر ختم کر دیا جائے گا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بھی کہا کہ ایران اسرائیل کی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور اپنی دفاعی تیاریوں کو مزید مضبوط کر رہا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ کسی بھی نئی مہم جوئی کا ردعمل ماضی کی بارہ روزہ جنگ سے کہیں زیادہ سخت ہوگا۔

سعودی عرب نے یمن پر حملے کے بعد قومی سلامتی کو ’ریڈ لائن‘ قرار دیا

نئی دہلی (ایم این این): سعودی عرب نے کہا ہے کہ اس کی قومی سلامتی ایک ’ریڈ لائن‘ ہے جس کا وہ دفاع کرے گا۔ یہ بیان اس اتحاد کے حملے کے چند گھنٹے بعد سامنے آیا جس کی قیادت سعودی عرب کر رہا ہے اور جس نے یمن میں گاڑیوں اور کارگو کو نشانہ بنایا، جن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وہ ایک بیرونی فوج کی جانب سے ملک کے جنوبی حصے میں علاحدگی پسندوں کو فراہم کی گئی تھیں۔ یمن کی مکلا بندرگاہ پر اتحاد کی ’محدود فوجی کارروائی‘ سے کچھ دن قبل ہی اس نے علاحدگی پسند سدرن ٹرانزیشنل کونسل (STC) کو حضرموت صوبے میں فوجی کارروائی کرنے سے خبردار کیا تھا۔ یمن کی سعودی حمایت یافتہ صدارتی کونسل نے متحدہ عرب امارات پر الزام عائد کیا ہے جس نے علاحدگی پسندوں کو وہ امداد فراہم کی تھی جو اتحاد کے حملے کا نشانہ بنی۔ سعودی وزارت خارجہ نے منگل کو ایک بیان میں کہا کہ وہ امید کرتی ہے کہ متحدہ عرب امارات خلیجی عرب ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کرے گا۔ اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی نے کہا کہ دو بحری جہاز سنیچر اور اتوار کو مکلا بندرگاہ پر بغیر اتحاد کے اجازت کے داخل ہوئے، انہوں نے اپنے ٹریکنگ سسٹم کو غیر فعال کر دیا، اور بڑی مقدار میں ہتھیاروں اور جنگی گاڑیاں ایس ٹی سی کو فراہم کیں۔ دریں اثناء سعودی حمایت یافتہ یمن کی صدارتی کونسل کے سربراہ رشاد العلیمی نے منگل کو فضائی حملے کے بعد کہا کہ متحدہ عرب امارات کی تمام افواج کو ۲۴ گھنٹوں کے اندر یمن چھوڑنا ہوگا۔ ایک ٹیلی ویژن خطاب میں، العلیمی نے اس اقدام کو ناگزیر قرار دیا اور سعودی عرب اور اتحاد کی حمایت پر اپنی تعریف دہرائی۔ تاہم یمنی لیڈر نے متحدہ عرب امارات کے ساتھ مشترکہ دفاعی معاہدہ بھی منسوخ کر دیا، ۷۲ گھنٹے کی فضائی، زمینی اور بحری ناکہ بندی کا اعلان کیا، اور ۹۰ دن کے لیے ہنگامی حالت کا اعلان کیا۔ بعد ازاں سرکاری سعودی پریس ایجنسی (ایس پی اے) نے خبر دی کہ ان ہتھیاروں سے پیدا ہونے والے خطرے اور شدت کو دیکھتے ہوئے، اتحاد کی فضائی افواج نے آج صبح ایک محدود فوجی کارروائی کی جس میں ان ہتھیاروں اور جنگی گاڑیوں کو نشانہ بنایا گیا۔

سابق روسی صدر کی زیلنسکی کو نئے سال کی ’’ذلت آمیز‘‘ مبارکباد

نئی دہلی (ایم این این): سابق روسی صدر دیمتری میدویدیف نے یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی کو نئے سال کی ذلت آمیز مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ’’آخری سال مبارک ہو۔‘‘ انہوں نے یوکرینی صدر پر بڑے پیمانے پر حملوں کی سازش کا الزام لگایا ہے۔ یہ بیان اس وقت سامنے آیا ہے جب روس نے صدر ولادیمیر پوتن کی رہائش گاہ کے قریب ڈرون حملے کا دعویٰ کیا ہے۔ بعد ازاں سابق روسی صدر اور سیکورٹی کونسل کے نائب چیئرمین میدویدیف نے سالانہ اختتامی پیغام کے حصے کے طور پر ایک ٹیلیگرام پیغام میں یوکرینی صدر زیلنسکی کے خلاف توہین آمیز پیغامات کا ایک سلسلہ پوسٹ کیا۔ میدویدیف نے عجیب و غریب اور جارحانہ پیغامات کی بوچھار کرتے ہوئے انہیں ’’پچھلے حال عفریت‘‘ کہا، اور اپنی خواہش کا اظہار کیا کہ وہ ان کا ’’نمک لگا ہوا جسم‘‘ روس کے عجائب گھر میں نمائش کے لیے رکھے، جہاں روسی زار اپنی اولاد کی تفریح کے لیے عجیب الخلقت چیزیں جمع کرتے تھے۔ انہوں نے یوکرینی نمائندوں کو ’’خلاء کی اولاد‘‘، ’’بونوں‘‘ کی غیر ارضی نسل قرار دیا۔ میدویدیف نے کہا، جب گھڑیوں کی ٹن ٹن آدھی رات ہوگی۔ لیکن میں ابھی ایک خواہش کا اظہار کروں گا، اور وہ خوشگوار نہیں ہے۔ حال ہی میں، کسی پچھلے حال عفریت نے ایک شخص کی موت کی خواہش کی۔ سب پر عیاں ہے کہ وہ صرف ایک شخص کی نہیں، بلکہ ہم سب اور ہمارے ملک کی موت چاہتا ہے۔ تاہم میدویدیف نے زیلنسکی پر نہ صرف پوتن کی ’’موت‘‘ کی خواہش کا، بلکہ ’’بڑے پیمانے پر حملوں‘‘ کی ہدایات دینے کا بھی الزام لگایا۔

یوکرین جنگ پر تنقید کرنے پر تقریباً ۹ ارب ڈالر کا نقصان برداشت کرنا پڑا: روسی ارب پتی اولیگ تنکوف

نئی دہلی (ایم این این): روسی ارب پتی اولیگ تنکوف نے انکشاف کیا کہ یوکرین جنگ پر تنقید پر مبنی ان کی صرف ایک انسٹاگرام پوسٹ نے انہیں تقریباً ۹ ارب ڈالر کا نقصان پہنچایا اور کریملن کے دباؤ کے باعث انہیں ’تنکوف بینک‘ میں اپنے حصص فروخت کرنے پر مجبور ہونا پڑا۔ کسی زمانے میں روس کے امیر ترین بینکرز میں شمار ہونے والے تنکوف نے بتایا کہ یہ صورتحال ۲۰۲۲ء میں ان کی ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے بعد پیدا ہوئی جس میں انہوں نے جنگ کو ’’احمقانہ‘‘ قرار دیا تھا اور روسی فوج کو ’بدعنوان‘ اور ’غیر تیار شدہ‘ کہتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ ۹۰ فیصد روسی عوام اس جنگ کے خلاف ہیں۔

یو این میں صومالی لینڈ پر بحث، امریکہ نے اسرائیل کی حمایت کی، عالمی برادری نے دونوں ممالک کی مذمت کی

نئی دہلی (ایم این این): اقوام متحدہ (یو این) میں امریکہ کو اس وقت شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا جب اس نے صومالی لینڈ کو ایک آزاد ریاست کے طور پر تسلیم کرنے کے اسرائیلی فیصلے کا دفاع کیا اور اس کا واضح موازنہ فلسطین کو مختلف ممالک کی جانب سے تسلیم کئے جانے کے فیصلے سے کر دیا۔ پیر کے دن یو این کی سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امریکی نائب سفیر ٹیمی بروس نے کہا کہ اسرائیل کو وہی سفارتی حقوق حاصل ہیں جو کسی بھی خود مختار ریاست کو ہوتے ہیں۔ انہوں نے دلیل دی کہ صومالی لینڈ کیلئے اسرائیلی شناخت پر غم و غصے کا اظہار نہیں کیا جانا چاہئے کیونکہ رواں سال کے اوائل میں بھی کئی ممالک نے یکطرفہ طور پر ایک فلسطینی ریاست کو تسلیم کیا تھا۔ بروس نے سلامتی کونسل پر ’’دوہرے معیار‘‘ کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ ’’اس سال کے شروع میں اس کونسل کے ممبران سمیت کئی ممالک نے ایک غیر موجود فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا یکطرفہ فیصلہ کیا۔‘‘ انہوں نے مزید کہا کہ امریکی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ صدر ڈونالڈ ٹرمپ فی الحال صومالی لینڈ کو تسلیم کرنے کی حمایت نہیں کرتے۔ اجلاس میں موجود متعدد سفارت کاروں نے واشنگٹن کے اس موازنے کو مسترد کر دیا۔ سلووینیا کے سفیر سیموئیل زبوگر نے بین الاقوامی قانون کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ فلسطین ’’غیر قانونی طور پر قبضہ کیا گیا علاقہ‘‘ ہے جبکہ صومالی لینڈ یو این کے ایک تسلیم شدہ رکن ملک کا حصہ ہے۔ صومالیہ کے مندوب ابوبکر عثمان نے اسرائیلی اقدام کو صومالی سرزمین کی تقسیم کی حوصلہ افزائی کیلئے ’’جارحانہ عمل‘‘ قرار دیا۔ ترکی، پاکستان، چین، روس اور متعدد یورپی ممالک نے بھی صومالیہ کی وحدت کی حمایت کا اعادہ کیا اور خبردار کیا کہ یکطرفہ شناخت سے افریقہ میں عدم استحکام کا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔ پاکستانی وفد نے تجویز دی کہ یہ اقدام خاص طور پر ان اسرائیلی بیانات کے تناظر میں تشویشناک ہے جن میں غزہ سے بے دخل فلسطینیوں کیلئے ممکنہ ٹھکانوں کا ذکر کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ بروس کے یہ تبصرے اس وقت سامنے آئے جب اسرائیل صومالی لینڈ کو باضابطہ طور پر تسلیم کرنے والا پہلا ملک بن گیا ہے۔

انڈین ریلوے

ای-ٹنڈر نوٹس

ٹنڈر نوٹس لیٹر نمبر:۔209-2025-26-DEN-TRACK-FZR مورخہ: 30.12.2025

ڈویژنل انجینئر-ہیڈکوارٹر، فیروز پور کے ذریعے صدر جمہوریہ ہند کی جانب سے مندرجہ ذیل ای-ٹنڈرز، آخری تاریخ 21.01.2026 وقت 15:00 بجے تک www.ireps.gov.in پر طلب کی جاتی ہیں۔ ٹنڈر دہندہ اپنی اصل/ترمیمی ٹنڈر بند ہونے کی تاریخ و وقت تک جمع کر سکتے ہیں۔ مینوئل ٹنڈر کی اجازت نہیں ہے اور ایسے کسی بھی مینوئل پیشکش کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ ٹھیکیدار ٹنڈر فارم کی بیعانہ رقم کی جگہ ٹنڈر سیکورٹی اعلان نامہ مقررہ شکل میں ٹنڈر کے ساتھ ای-پورٹل پر منسلک کرے گا۔

ٹنڈر قسم	ٹنڈر کیٹیگری	بولی سسٹم
اوپن	کام	اکیل
ٹنڈر اپلوڈ کرنے کی تاریخ	بولی شروع کرنے کی تاریخ	بولی بند ہونے کی تاریخ ووقت
29/12/2025	07/01/2026	21/01/2026 اور 15:00 بجے

نمبر شمار: 1 | ٹنڈر نمبر: 209-2025-26-DEN-TRACK-FZR

ٹنڈر کی تفصیل: اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر-سکنڈ/امرتسر کے ماتحت جالندھر-امرتسر سیکشن پر بنے ڈھلوان یارڈ علاقہ میں، یو بن کے ڈی ایم ٹی میں گٹی کی اسٹیکنگ، انلوڈنگ اور لوڈنگ کے لئے گٹی ڈیوٹی فراہمی، جس میں ٹووال کے ساتھ سمتل گٹی کی سطح کی تعمیر پہنچ راستہ کی فراہمی اور دیگر مختلف کام شامل ہیں۔

اشتہاری قیمت (روپے)	بیعانہ رقم	پیشکش کی اہلیت	تکمیل کی میعاد
1,31,87,154.47	2,15,900.00	60دن	06ماہ

جنرل نوعیت کا کام:۔’’ٹریک کام کے علاوہ کوئی بھی سول کام۔‘‘

نوٹ 1. ٹنڈر ڈالنے سے پہلے، ٹنڈر دہندہ ٹنڈر سے متعلق جاری کئے گئے کسی بھی تصحیح نامہ کی جانچ کریں گے۔ 2. ہندی میں کسی بھی تضاد کے لئے انگریزی ورژن کو دیکھیں، اور انگریزی ورژن ہی درست ہوگا۔

4029/2025

صارفین کی خدمت میں مسکان کے ساتھ

دماغی صحت اور معذوری:

کسی کو بھی پیچھے نہ چھوڑیں

پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک

انسانی دماغ ایک ایسا اہم اور حیرت انگیز عضو ہے جو ہمارے خیالات، جذبات اور حرکات کو کنٹرول کرتا ہے اور ہماری شخصیت کی تشکیل کرتا ہے۔ ایک صحت مند دماغ جہاں ہمیں زندگی میں سیکھنے، آگے بڑھنے اور چیلنجز پر قابو پانے کے قابل بناتا ہے وہیں اسے درپیش کوئی معذوری انسان کی زندگی کو منفی طور پر متاثر کرسکتی ہے۔ ان معذوریوں کا شکار افراد کو معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے لیے ضروری ہے کہ دماغی امراض اور معذوریوں کے حوالے سے آگاہی عام کی جائے۔

اس حوالے سے **2014**ء میں عالمی یوم دماغ منانے کا آغاز ہوا جو ہر سال **22** جولائی کو منایا جاتا ہے۔ دنیا بھر میں دماغی امراض کے حوالے سے نمائندہ تنظیم ورلڈ فیڈریشن آف نیورولوجی (ڈبلیو ایف این) اور عالمی فیڈریشن برائے نیورو ری ہیبلیٹیشن (ڈبلیو ایف این آر) نے مشترکہ طور پر رواں سال منائے جانے والے عالمی یوم دماغ کا عنوان 'دماغی صحت اور معذوری: کسی کو پیچھے نہ چھوڑیں' قرار دیا ہے۔

دماغی معذوری ہر عمر کے افراد کو متاثر کرسکتی ہے

یہ عنوان ایک عالمی اقدام کے تناظر میں اختیار کیا گیا ہے جس میں معذور افراد کے لیے حائل رکاوٹوں کو دور کرنا، اس کے حوالے سے تعلیم اور آگاہی کے خلا کو ختم کرنا اور ان کی صحت کی دیکھ بھال کو بہتر کرنا شامل ہے کیونکہ جب دماغی صحت کی بات آتی ہے تو ہم کسی کو پیچھے نہیں چھوڑ سکتے۔

معذور افراد کے حوالے سے مسائل و مشکلات کا ایک انبار موجود ہے، اس سال عالمی یوم دماغ کے عنوان کا انتخاب پاکستان سمیت دنیا بھر میں دماغی واعصابی امراض کے نتیجے میں ہونے والی معذوری کے شکار افراد کی بڑی تعداد کی طرف توجہ دلانے اور ان کے لیے صحت کے نظام میں بہتری کی ضرورت کے پیش نظر کیا گیا ہے۔

دماغی معذوری ہر عمر، نسل، جنس اور سماجی واقتصادی حیثیت کے فرد کو متاثر کرسکتی ہے۔ دماغ کے عالمی دن کے موقع پر اس کی آگاہی اور علاج تک رسائی کو بہتر بنانے اور یہ بتانے کی ضرورت ہے کہ ان معذوریوں کا علاج اور بحالی کی سہولیات میسر ہیں، امید وآگہی سے متاثرہ افراد کی زندگیوں میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔

ہمارے معاشرے میں معذور افراد فقط 'رحم' کی ہی گردان میں رہتے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ان کی صحت کے حوالے سے سہولیات کی فراہمی ان کا بنیادی انسانی حق ہے۔ ان معذور افراد کی غالب اکثریت امتیازی سلوک پر مبنی رویوں کے ساتھ ساتھ ضروری دیکھ بھال اور معذوری سے بحالی (ری ہیبلیٹیشن) کی خدمات تک رسائی کی کمی کا بھی سامنا رہتا ہے۔ ان افراد کے لیے پیشہ ورانہ دیکھ بھال، علاج، بحالی اور معاون ٹیکنالوجی تک رسائی بہت ضروری ہے اور یہ تعلیم و آگہی سے ہی ممکن ہوسکتا ہے۔ دماغی صحت ایک انسانی حق ہے جو ہر کسی پر، ہر جگہ لاگو ہوتا ہے۔

دماغی صحت بحالی کی سہولیات مہیا کرکے لوگوں کی زندگی میں بہتری لائی جاسکتی ہے

ڈبلیو ایف این اور عالمی ادارہ صحت کے مطابق دنیا بھر میں معذور افراد کی تعداد تقریباً ایک ارب **30** کروڑ ہے، ان میں سے تقریباً **9** کروڑ **30** لاکھ بچے ہیں۔ پاکستان دنیا میں پانچویں بڑی آبادی والا ملک ہے۔ ایک اندازے کے مطابق ملک میں معذور افراد کی تعداد **70** لاکھ ہے۔ عالمی اعداد و شمار کے تقابلی جائزے کو دیکھیں تو عالمی سطح پر **10** فیصد کے مقابلے میں ہمارے ہاں کل معذور آبادی کا **43** فیصد بچے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق ان میں سے **14** لاکھ بچے اسکول جانے کی عمر کے ہیں لیکن انہیں تعلیم تک رسائی نہیں ہے۔ پاکستان میں دستیاب اعداد کے مطابق تقریباً **65** فیصد معذوروں کا تعلق دیہی جبکہ **34** فیصد کا شہری آبادی سے ہے۔ ان میں مردوں کی اکثریت **58** فیصد جبکہ خواتین کا حصہ **42** فیصد ہے۔

بدلتے قانونی تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے معذور افراد کا خیال اور دیکھ بھال ایک بنیادی انسانی حق بن چکا ہے اور اس حوالے سے عالمی سطح پر کئی تبدیلیوں کا نفاذ اب بھی جاری ہے۔ دماغی و اعصابی بیماریاں دنیا بھر میں معذوری کے ایک بڑے تناسب میں حصہ ڈالتی ہیں اور ان بیماریوں کی نوعیت کے لحاظ سے معذوری کے مکمل خاتمے، جزوی خاتمے یا اس کے مستقل ہونے کا تعین کیا جاتا ہے۔

دماغی صحت کا تصور اب دنیا بھر میں مقبول ہو رہا ہے اور عالمی ادارہ صحت بھی اس کو قبول کر رہا ہے۔ ورلڈ فیڈریشن آف نیورولوجی نے اسے ایک عالمی آگاہی مہم کی شکل دی ہے جس کا مقصد عالمی سطح پر دماغی امراض سے متعلق آگہی کو فروغ دینا ہے تاکہ دماغی معذوری اور اس کے بروقت تشخیص و علاج کے تصور کو فروغ دیا جاسکے۔

دماغی معذوری کی بروقت تشخیص اور علاج ضروری ہے

امسال عالمی یوم دماغ **5** اہم مقاصد کو سامنے رکھ کر منایا جائے گا:

روک تھام: عالمی ادارہ صحت کے مطابق معذوری متاثرہ انسان کی صحت و ماحولیاتی عوامل کے ساتھ ساتھ بدنمائی، عوامی مقامات پر ناقابل رسائی اور عدم سماجی تعاون کے درمیان تعلق کے نتیجے میں ہوتی ہے۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ کم وبیش ہر نفس ہی اپنی زندگی کے کسی نہ کسی موڑ پر عارضی یا مستقل معذوری کے تجربے سے گزرتا ہے۔ دستیاب اعداد کے مطابق اگر موجودہ شرح جاری رہی تو سال **2040**ء تک دماغی واعصابی عوارض کے صرف **23** فیصد بوجھ کو روکا جاسکے گا۔ دماغی امراض کے نتیجے میں معذروری کو روکا جاسکتا ہے اور علاج و بحالی کے ذریعے دیکھ بھال کی جاتی ہے۔

آگہی: دماغی واعصابی امراض معذوری کے نتیجے میں زندگی کے قیمتی سال ضائع کروانے کی سب سے بڑی وجہ ہیں۔ دماغی واعصابی معذوری طویل مدتی جسمانی، ذہنی اور سمجھ بوجھ کے حوالے سے ہوسکتی ہے جو کسی بھی فرد کو معاشرے میں فعال کردار ادا کرنے سے روک سکتی ہے۔ دماغی صحت کی اہمیت کو سمجھنے اور اس کو ترجیح دینے کیلیے آگہی پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ دماغی و اعصابی امراض مثلاً فالج، مائیگرین (دردشقیقہ)، نسیان، گردن توڑ بخار اور اپی لپسی (مرگی) جیسے دماغی عوارض زندگی کے ماہ وسال میں عارضی یا مستقل معذوری کی وجہ بنتے اور ایام زندگانی کو متاثر کرتے ہیں۔ معذوری متاثرہ فرد کی زندگی کے کم وبیش **20** سال کم کردینے کی وجہ بنتی ہے۔ معذور افراد میں دائمی امراض مثال کے طور پر ذیابیطس، موٹاپا یا فالج ہونے کے امکانات میں دگنا اضافہ ہوجاتا ہے۔ آگہی کے ذریعے دماغی امراض کے نتیجے میں ہونے والی معذروری کو روکا جاسکتا ہے۔

رسائی: دماغی امراض کے علاج، دیکھ بھال، بحالی اور ٹیکنالوجی کی معاونت تک رسائی ضروری ہے۔ اس حوالے سے درکار وسائل کی مقامی سطح پر تیاری سے ان تک منصفانہ رسائی ممکن بنائی جاسکتی ہے

تعلیم: تعلیم دماغی معذوری کے ساتھ رہنے والوں کے لیے مساوات میں اضافہ کا باعث بنتی ہے۔

وکالت: دماغی صحت ایک انسانی حق ہے، جو ہر ایک پر ہر جگہ لاگو ہوتا ہے۔ دماغی معذوریوں کی روک تھام اور متاثرہ افراد کی دیکھ بھال پوری انسانیت کی ذمہ داری ہے۔ ہمیں ماہرین صحت، پالیسی سازوں اور عوام کو متحد کرنے کے لیے کام کرنا چاہیے تاکہ حل کے لیے مل کر کام کیا جاسکے۔

